آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 19 | بروز جمعرات 29 جنوری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 289

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی لاہور میں نواب صلاح الدین عباسی کی اقامت گاہ پر مزاج پرسی کی

گورنر پنجاب نے امیر بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کی جلد صحت یابی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی، سردار ملک ششیر خان آف اٹک اور صاحبزادہ عاصم عباسی بھی موجود تھے

گورنر پنجاب اور پرنس بہاول خان عباسی نے باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو کی نیز انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی جانب سے امیر آف بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کیلئے نیک خواہشات کا پیغام بھی پہنچایا جس پر ولی عہد پرنس بہاول خان عباسی نے ان سے اظہار تشکر کیا

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان امیر آف بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کی اقامت گاہ پر انکی مزاج پرسی کر رہے ہیں، پرنس بہاول عباس خان عباسی اور صاحبزادہ محمد عاصم عباسی موجود ہیں

لاہور (پ ر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی لاہور میں امیر آف بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کی قیام گاہ پر آمد، گورنر پنجاب نے امیر بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کی مزاج پرسی کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی، سردار ملک ششیر خان آف اٹک اور صاحبزادہ عاصم عباسی بھی موجود تھے گورنر پنجاب اور پرنس بہاول عباس خان عباسی نے باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو کی نیز انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی جانب سے امیر آف بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کے لئے نیک خواہشات کا پیغام بھی پہنچایا جس پر ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی نے ان سے اظہار تشکر کیا

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان امیر آف بہاولپور نواب صلاح الدین عباسی کی اقامت گاہ پر انکی مزاج پرسی کر رہے ہیں، پرنس بہاول عباس خان عباسی اور صاحبزادہ محمد عاصم عباسی موجود ہیں

مریم نواز نے پرواز کارڈ، راہِ روزگار اور سکل ڈویلپمنٹ پورٹل کا اجرا کر دیا

50 ہزار ہنرمند نوجوانوں کو پرواز کارڈ جاری ہوں گے، پرواز کارڈ کے ذریعے سود کے بغیر 3 لاکھ روپے قرض دیں گے

چاہتی ہوں ایسے نوجوان جو زیادہ نہیں پڑھ سکتے وہ پیچھے نہ رہیں، میں نہیں چاہتی کہ نوجوانوں کو طعنہ سننا پڑے کہ مفت کی روٹی توڑتے ہو تقریب سے خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پرواز کارڈ، راہ روزگار اور سکل ڈویلپمنٹ پورٹل کا اجرا کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ریلیف اور سہولیات کی فراہمی ریاست کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سے گیٹس فاؤنڈیشن کے صدر برائے عالمی ترقی کرس ایلیاس کی ملاقات

وزیراعظم کا پولیو کے خاتمے کیلئے شراکت داروں کے تعاون سے اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پولیو کے انسداد کیلئے شراکت داروں کے تعاون سے اقدامات جاری رکھنے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خواتین کی مخصوص نشست پر جے یو آئی کو بڑا جھٹکا، حنا بی بی کی درخواست مسترد

صدف احسان کی قومی اسمبلی کی رکنیت برقرار رہے گی اور انہیں ڈی نوٹیفائی نہیں کیا جائیگا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی میں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی میں ہونیوالی تحقیق کو مقامی کمیونٹیز کی بھلائی اور بہتری کیلئے استعمال ہونا چاہیے

کمشنر مسرت جبین

کمشنر بہاولپور ڈویژن کی۔ چیئرمین شعبہ سوشل ورک پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا اور ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈاکٹر شہزاد احمد خالد سے گفتگو

پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نیس موقع پر کمشنر بہاولپور کی ہدایت پر گزشتہ برس چولستان جیپ ریلی بہاولپور کے سماجی و معاشی اثرات پر کئے گئے سروے کی رپورٹ پیش کی

پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا چیئرمین شعبہ سوشل ورک ڈاکٹر شہزاد احمد خالد ڈائریکٹر تعلقات عامہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ہمراہ کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں کو گزشتہ سال کی چولستان جیپ ریلی پر مرتب کی گئی ریسرچ رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبین نے کہا ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے ذریعے علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ یونیورسٹی میں ہونے والی تحقیق کو مقامی کمیونٹیز کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس،

فریٹ و پسنجر سیکشن کی بہتری کیلئے تفصیلی بریفنگ

لاہور (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریلوے کے شعبہ ٹریفک اینڈ کمرشل کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیب کی تاریخی کارروائی، سب سے بڑی یکمشت ریکوری

4 ارب 5 کروڑ قومی خزانے میں جمع

پشاور (سی ایم لنکس) رقم کوہستان میگا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رمضان نگہبان پیکج 47 ارب روپے سے 42 لاکھ خاندان مستفید ہونگے، بخاری

گزشتہ رمضان میں مستحق خاندانوں کو پے آرڈر کے ذریعے 10 ہزار روپے گھروں تک پہنچائے گئے تھے جبکہ اس بار رمضان نگہبان کارڈز پرنٹ ہو چکے ہیں اور رمضان المبارک سے قبل مستحق افراد تک پہنچا دیے جائیں گے، رواں سال 42 لاکھ خاندان اس پیکج سے فائدہ اٹھائیں گے

پنجاب حکومت کے پاس 5 فروری کے بعد تمام شہریوں کا مکمل ڈیٹا دستیاب ہوگا، جن افراد کی ماہانہ آمدن 45 ہزار روپے سے کم ہے انہیں فہرست میں شامل کیا گیا ہے، اس مقصد کے لیے مردم شماری کی طرز پر گھر گھر سروے کیا گیا وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ رواں سال رمضان نگہبان پیکج 47 ارب روپے پر مشتمل ہے جس سے 42 لاکھ خاندان رمضان نگہبان کارڈ کے ذریعے مستفید ہوں گے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہر منصوبے سے لاکھوں افراد کو فائدہ پہنچ رہا ہے، ستھرا پنجاب، رمضان نگہبان پیکج، فیلڈ ہسپتال اور دیگر عوامی فلاحی منصوبے حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ رمضان میں مستحق خاندانوں کو پے آرڈر کے ذریعے 10 ہزار روپے گھروں تک پہنچائے گئے تھے جبکہ اس بار رمضان نگہبان کارڈز پرنٹ ہو چکے ہیں اور رمضان المبارک سے قبل مستحق افراد تک پہنچا دیے جائیں گے، رواں سال 42 لاکھ خاندان اس پیکج سے فائدہ اٹھائیں گے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موٹر وہیکلز ترمیمی بل 2026 کی منظوری

پنجاب میں 16 سال سے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل چلانے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے داخلہ نے موٹر وہیکلز ترمیمی بل 2026 کی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت پنجاب میں 16 سال سے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل چلانے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا گیا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حماس کے غیر مسلح ہونے تک غزہ اور اردگرد پر اسرائیل کا کنٹرول رہے گا

نیتن یاہو کی دھمکی

غزہ میں تعمیر نو کا کام بھی حماس کے غیر مسلح ہونے تک شروع نہیں کریں گے، خودمختار اور علیحدہ فلسطینی ریاست قائم نہیں ہونے دی جائے گی۔ اسرائیلی وزیراعظم

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے آج ایک طویل پریس کانفرنس کی جس میں غزہ کے مستقبل کے حوالے سے اپنا منصوبہ پیش کیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق وزیراعظم نیتن یاہو نے دھمکی دی کہ اسرائیلی فوج دریائے اردن سے بحیرہ روم

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا خیبر پختونخوا کے اہم منصوبوں کی جلد تکمیل کا حکم

تعمیر و مرمت کی ادائیگیاں چیئرمین کے سائٹ وزٹ سے مشروط

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے اہم ترقیاتی منصوبوں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس،

زرعی برآمدات اور تجارتی مسابقت میں اضافے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی جس میں پاکستان کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کو طبعیت خرابی کے سبب اسپتال لایا گیا اور اہل خانہ کو بتایا تک نہیں، اپوزیشن اتحاد

بتایا کیوں نہیں جا رہا عمران خان کو کیا ہوا؟ اور طبعیت کیسی ہے؟ پارٹی اور اہل خانہ شدید تشویش میں مبتلا ہیں، بیرسٹر گوہر، راجہ ناصر عباس اور سلمان اکرم راجا کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی اور اپوزیشن اتحاد نے عمران خان کی صحت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کر دیا، بیرسٹر گوہر اور راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ عمران خان کو اسپتال لایا گیا اور پارٹی و اہل خانہ کو بتایا تک نہیں۔ یہ بات

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کلی معیشت کے استحکام، مالی پائیداری اور مسابقت پر مبنی ترقی و نمو کیلئے اقدامات کر رہی ہے

ٹیکس سمیت کئی شعبوں میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے پروگرام پر عملدرآمد ہو رہا ہے

، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جرمن سفیر سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کلی معیشت کے استحکام، مالی پائیداری اور

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اداریہ روزنامہ نوائے احمدپور شرقیہ ------ بہاولپور

سوئی ناردرن میں اربوں کی چوری: ادارہ جاتی بدعنوانی کا سنگین انکشاف

29 جنوری 2026ء

سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کے اپنے ہی ملازمین کے 41 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے گیس پائپ چوری میں ملوث ہونے کا انکشاف محض ایک مالی اسکینڈل نہیں بلکہ ہمارے سرکاری اداروں میں جڑ پکڑتی بدعنوانی، کمزور نگرانی اور ناقص احتسابی نظام کا کھلا ثبوت ہے۔ یہ انکشاف پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں سامنے آیا، جس کی صدارت نوید قمر کر رہے تھے، اور جس نے کئی تشویشناک سوالات کو جنم دیا ہے۔

آڈٹ حکام کے مطابق مانگا منڈی میں واقع سوئی ناردرن کے اسٹور سے ٹرکوں کے حساب سے گیس پائپ چوری کیے گئے، جس سے قومی خزانے کو 41 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچا۔ حیران کن امر یہ ہے کہ یہ چوری کسی بیرونی گروہ نے نہیں بلکہ ادارے کے اندر موجود افراد نے کی۔ یہی وجہ ہے کہ کمیٹی رکن شازیہ مری نے بجا طور پر اسے ادارے کی اپنی چوری قرار دیا، جو کہ معاملے کی سنگینی کو واضح کرتا ہے۔

یہ سوال نہایت اہم ہے کہ اگر سکیورٹی کیمرے براہ راست ہیڈ آفس کو رپورٹ کرتے تھے تو پھر اتنی بڑی مقدار میں سامان کیسے نکالا جاتا رہا؟ کیا نگرانی محض کاغذی کارروائی تھی؟ اور اگر سب کچھ علم میں تھا تو بروقت کارروائی کیوں نہ کی گئی؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب صرف چند معطلیوں یا انکوائریوں سے نہیں دیا جا سکتا۔

ایس این جی پی ایل حکام کے مطابق اب تک محدود ریکوری کی گئی ہے جبکہ ایف آئی اے نے متعدد انکوائریاں اور مقدمات درج کیے، مگر تمام ملزمان کا ضمانت پر رہا ہو جانا ایک اور تشویشناک پہلو ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین کا یہ سوال بالکل بجا ہے کہ اتنے بڑے مالی جرم میں ملوث افراد کو عدالت سے آسانی سے ضمانت کیسے مل گئی؟ یہ صورتحال احتسابی نظام کی کمزوری کی طرف بھی اشارہ کرتی ہے۔

یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ بورڈ کی جانب سے خصوصی کمیٹی کا قیام اور فارنزک آڈٹ کی درخواست تب کی گئی جب معاملہ منظرِ عام پر آیا۔ اگر اندرونی کنٹرول مضبوط ہوتا تو نہ صرف یہ نقصان روکا جا سکتا تھا بلکہ ادارے کی ساکھ بھی محفوظ رہتی۔

بدقسمتی سے یہ پہلا موقع نہیں کہ کسی قومی ادارے میں اس نوعیت کی کرپشن سامنے آئی ہو۔ اس سے قبل بھی مختلف سرکاری محکموں میں اربوں روپے کے اسکینڈلز سامنے آتے رہے ہیں، مگر انجام ہمیشہ چند رپورٹوں، کمیٹیوں اور وعدوں تک محدود رہا۔ اصل مجرم اکثر قانون کی گرفت سے بچ نکلتے ہیں، جبکہ نقصان قوم کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ سوئی ناردرن کیس کو محض ایک روایتی فائل نہ بنایا جائے بلکہ اسے مثال بنا کر انجام تک پہنچایا جائے۔ ذمہ دار افسران، سکیورٹی نظام کے نگران، اور غفلت برتنے والے تمام افراد کا تعین ہونا چاہیے۔ فارنزک آڈٹ کو شفاف بنایا جائے اور اس کی رپورٹ عوام کے سامنے لائی جائے تاکہ اعتماد بحال ہو سکے۔

اگر قومی اداروں میں بدعنوانی کو واقعی روکنا ہے تو محض بیانات نہیں، عملی اور بے لاگ احتساب ناگزیر ہے۔ ورنہ ہر چند ماہ بعد کسی نئے ادارے سے کروڑوں کی چوری کی خبر آتی رہے گی اور قوم صرف تماشائی بنی رہے گی۔ یہ وقت ہے کہ ریاست واضح پیغام دے: قومی اثاثوں پر ہاتھ ڈالنے والا چاہے ادارے کے اندر ہو یا باہر، وہ قانون سے بالاتر نہیں

ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات؛ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات اور ساکھ متاثر کرنے کے کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے ناقابل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں اربوں روپے کی مبینہ کرپشن، نیب نے انکوائری شروع کر دی

کراچی (سی ایم لنکس) نیب کراچی نے سندھ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں اربوں روپے کی مبینہ کرپشن کی شکایات کی انکوائری شروع کر دی۔ نیب ذرائع کے مطابق محکمہ لیبر سندھ کے سابق وزیر

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری کا نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے کا نوٹس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پی پی ایم سی کی ہدایات کے تحت نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے یونٹس

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قازقستان اور ازبکستان کے صدور آئندہ ہفتے پاکستان کا دورہ کرینگے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قازقستان اور ازبکستان کے صدور آئندہ ہفتے پاکستان کا الگ الگ دورہ کریں گے۔ سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ قازقستان کے صدر قاسم جومارت توقایف کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک-چین منرل کوآپریشن فورم دوطرفہ اقتصادی تعاون و سرمایہ کاری کے فروغ کی اہم کاوش ہے، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاک-چین منرل کوآپریشن فورم پاکستان

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آئی وارڈ میں جدید طبی مشینری کا افتتاح

کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے افتتاح کیا

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آئی وارڈ میں جدید طبی مشینری کا افتتاح کیا اور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: کمشنر مسرت جبیں نے بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آئی وارڈ میں جدید طبی مشینری کا افتتاح کر رہی ہیں۔

بہاولپور ٹریڈ سینٹر میں 1122 کے زیر اہتمام فائر سیفٹی ڈرل اور موک ایکسرسائز

فائر سیفٹی موک ایکسرسائز کے دوران آگ لگنے کی فرضی صورتحال پیدا کی گئی

بہاولپور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بہاولپور

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر محکمہ ریسکیو ایمرجنسی 1122 کے زیر اہتمام ٹریڈ سنٹر میں فائر سیفٹی ڈرل اور موک ایکسرسائز کی جا رہی ہے۔

ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کی بڑی تعداد نے کھلی کچہری میں شرکت کی

بہاولپور (پ ر) ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ شہریوں کی بڑی تعداد نے کھلی کچہری

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مقدمات کی تفتیش ایک بھاری ذمہ داری ہے

جو ہمیشہ میرٹ اور مضبوط شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے ڈی پی او بہاولپور

بہاولپور (پ ر) ڈی پی او بہاولپور نے تمام ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کو تاکید کی کہ مقدمات کی تفتیش ایک بھاری ذمہ داری ہے، جو ہمیشہ میرٹ اور مضبوط شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب عدالتیں پولیس کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے سال 2026 میں معروف ادبی تنظیم حلقہ ادب کے زیر اہتمام صدر بزم منیر انور کی رہائش گاہ پر 73 ویں نشست

صدر بزم منیر انور نے تمام دوستوں کو خوش امدید کہا اور ادب کی ترویج کے لیے ہمہ وقت ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا

اللہ آباد (نامہ نگار) نئے سال 2026 میں معروف ادبی تنظیم حلقہ ادب کے زیر اہتمام 73 ویں نشست۔ صدر بزم منیر انور کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی جس میں حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے منیر انور نے تمام دوستوں کو خوش امدید کہا اور ادب کی ترویج کے لیے ہمہ وقت ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا۔ اور مزید کہا کہ، نئے سال میں مزید بہتر طریقے سے ادب کی خدمت کرنے کی کوشش کریں گے۔ نشست کا آغاز وحید احمد نے تلاوت کلام پاک سے کیا منیر انور کی لکھی حمد احمد حجازی جبکہ نعت رسول مقبول صلعم عمران خان نے پیش کی نقیب محفل جوائنٹ سیکرٹری رمضان رفیق چوہدری تھے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خاندانوں کو دی جانے والی مالی امداد میں مبینہ طور پر ڈیوائس ہولڈرز کی جانب سے غیر قانونی کٹوتیوں کا انکشاف

فوری نوٹس لے کر شفاف انکوائری کرائی جائے، وزیراعظم پاکستان، چیئرمین بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نیب سمیت دیگر ذمہ دار اداروں سے مطالبہ

حاصل پور (نامہ نگار) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت مستحق خاندانوں کو دی جانے والی مالی امداد میں مبینہ طور پر ڈیوائس ہولڈرز کی جانب سے غیر قانونی کٹوتیوں کا انکشاف سامنے آیا ہے، جس پر غریب اور نادار شہری شدید تشویش میں مبتلا ہیں۔ ذرائع کے مطابق مختلف علاقوں میں مستحقین کو دی جانے والی رقم سے فی ہزار روپے پر کم از کم 1000 روپے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزارت مذہبی امور کا نئی نسل کی نظریاتی آبیاری کے لیے بڑا اقدام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے سال 1448ھ/2026ء کے لیے ملک گیر سطح پر 51

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حج 2026 کے اخراجات میں کمی بھی مد میں بچت ہوئی تو وہ ریلیف براہ راست حجاج کرام کو منتقل کرینگے

وفاقی وزیر سردار محمد یوسف کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ حج 2026 کے اخراجات میں کسی بھی مد میں بچت ہوئی تو وہ ریلیف براہ راست حجاج کرام کو منتقل کریں گے، طبی بنیادوں پر یا ہارڈ شپ کوٹہ میں کامیاب نہ ہونے والے عازمین حج کو پوری رقم کی واپسی یقینی بنائیں گے، حج کے لئے کسی کا کوٹہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی این ایس سی کے بیڑے میں آئل ٹینکر کا اضافہ

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کے بیڑے میں آئل ٹینکر کا اضافہ ہو گیا۔ آئل ٹینکر ایم ٹی کراچی پہلا کارگو لے کر کراچی کی بندرگاہ پر لنگر انداز ہو گیا۔ ایم ٹی کراچی نیشنل ریفائنری کے لیے خلیجی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک کی سائی ٹیک ڈپلومہب کے سی ای او سے ملاقات

موسمیاتی اقدامات کے لیے سائنس اور سفارت کاری کے باہمی انضمام کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے سائی ٹیک ڈپلومہب کے چیف ایگزیکٹو آفیسر الیکس روگ سے ملاقات کی جس میں موسمیاتی اقدامات کے لیے سائنس اور سفارت کاری کے باہمی انضمام کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے الیکس روگ اور سائی ٹیک ڈپلومہب کی جانب سے سائنس اور سفارت کاری کے مؤثر امتزاج

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

ذمہ داری ہے، اگر حکومت ماں کی طرح سوچے تو نوجوانوں کو اپنی طاقت بنالے، نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے ساتھ روزگار بھی فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چاہتی ہوں ایسے نوجوان جو زیادہ نہیں پڑھ سکتے وہ پیچھے نہ رہیں، میں نہیں چاہتی کہ نوجوانوں کو طعنہ سننا پڑے کہ مفت کی روٹی توڑتے ہو، نوجوانوں کو ہنرمند اور تعلیم یافتہ بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔مریم نواز نے کہا کہ چیف منسٹر اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت 2 لاکھ بچوں کو ٹریننگ دی گئی، ایک ہزار بچوں کو ٹریننگ دیکر گارمنٹس کے شعبہ میں روزگار دیا گیا ہے، نوجوانوں کو ٹائل فکسنگ، ویلڈنگ، وائرنگ سمیت مختلف شعبوں میں تربیت دی گئی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ عرب ممالک میں سب سے مشکل ملازمتیں پاکستانی کرتے ہیں، ہمارے نوجوان باصلاحیت، دنیا میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں، ہنرمند افرادی قوت کی طلب دنیا بھر میں ہے، ہمیں صرف ٹریننگ دینا ہوگی، نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ مہارت سیکھ کر گھر نہ بیٹھیں۔انہوں نے مزید کہا کہ 50 ہزار ہنرمند نوجوانوں کو پرواز کارڈ جاری ہوں گے، پرواز کارڈ کے ذریعے رقوم کی فراہمی میں شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا، پرواز کارڈ کے ذریعے سود کے بغیر 3 لاکھ روپے قرض دیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ مجھے پاکستان کے نوجوانوں کو صرف ایک چیز چاہیے، جب ملک کی بات آئے تو سب معرکہ حق کی طرح متحد ہوجائیں، آپ کے ہاتھوں میں پٹرول بم نہیں، لیپ ٹاپ ہونے چاہئیں، آپ نے ملک کے اندر اور بیرون ملک ایمبیسڈر بننا ہے، کوئی کہے آگ لگا دو تو اسے کہو نو میرا ملک میری ماں اور ماں کیساتھ کوئی غداری نہیں کرسکتا۔

بقیہ نمبر 02

کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پولیو کے خاتمہ کے لئے جامع حکمت عملی اور موثر ٹیم کے ساتھ عملی اقدامات کر رہی ہے۔وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار گیٹس فاؤنڈیشن کے صدر برائے عالمی ترقی کرس ایلیاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے بدھ کو یہاں وفد کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات کی۔ وفد میں گیٹس فاؤنڈیشن کے صدر برائے عالمی ترقی کرس ایلیاس کے علاوہ ڈائریکٹر پولیو ڈاکٹر کیتھی نیوزیل اور ڈپٹی ڈائریکٹر پولیو مائیکل گالوے شامل تھے جبکہ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق اور دیگر سرکاری عہدیداران بھی ملاقات میں موجود تھے۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں پولیو کے مکمل سد باب تک بل گیٹس فاؤنڈیشن جیسے قابل اعتماد شراکت داروں کے تعاون سے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے پاکستان سے پولیو کے سدباب کے لئے بل گیٹس کی قابل قدر خدمات کو سراہتے ہوئے پاکستان سے پولیو کے سد باب کیلئے بل گیٹس اور سعودی عرب سمیت برادر مسلم ممالک کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت جامع حکمت عملی اور موثر ٹیم کے ساتھ عملی اقدامات کر رہی ہے اور پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بیماری کے خلاف جاری جنگ میں خاطر خواہ کامیابی کے باوجود ہنگامی بنیادوں پر مزید اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت موثر حکمت عملی کے تحت ملک کے طول وعرض میں پولیو ٹیموں کی رسائی ممکن بنانے کے لیے صوبوں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہی ہے، ملک میں انسداد پولیو کی مہم کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت متعلقہ منصوبے جاری رکھے جائیں گے۔وزیراعظم نے انسداد پولیو سے متعلق عوامی آگاہی اور ویکسین کی فراہمی کے لئے وفاقی وزارت صحت کو تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر سفارشات مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ گیٹس فاؤنڈیشن کے صدر برائے عالمی ترقی کرس ایلیاس نے کہا کہ گیٹس فاؤنڈیشن وزیراعظم پاکستان کی انسداد پولیو پر ذاتی توجہ اور اس تناظر میں اٹھائے گئے موثر عملی اقدامات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے موثر اقدامات اٹھا رہا ہے جو کامیابی کی طرف گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں سے انسداد پولیو پر تعمیری مشاورت جاری رہے گی۔ پاکستان میں پولیو وائرس کی ماحولیاتی موجودگی کے خاتمے اور تمام علاقوں میں پولیو ٹیم کی رسائی کے تناظر میں موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں جو قابل تحسین ہیں۔کرس ایلیاس نے پاکستان میں کامیابی سے جاری انسداد پولیو مہم پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان کو بل گیٹس کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام بھی پہنچایا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جاری اقدامات کے نتیجے میں پاکستان جلد اس بیماری کے مکمل خاتمے کی منزل حاصل کرلے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے انسداد پولیو کے لیے جاری پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ کے تحت اقدامات سے وفد کو آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال نے وزیراعظم کی رہنمائی اور بل گیٹس کی ٹیم کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اقدامات مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے بھی ملاقات میں انسداد پولیو کے تحت تمام صوبوں اور شہروں میں جاری اقدامات سے وفد کو آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے وفد میں شامل گیٹس فاؤنڈیشن کی ڈائریکٹر پولیو ڈاکٹر کیتھی نیوزیل کو ان کی حالیہ تقرری پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 03

جے یو آئی کی خواتین کی مخصوص نشست سے متعلق معاملے پر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے محفوظ فیصلہ سنادیا۔الیکشن کمیشن نے جے یو آئی (ف) کی حنا بی بی کی درخواست مسترد کرتے ہوئے صدف احسان کو بطور رکن قومی اسمبلی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق صدف احسان کی قومی اسمبلی کی رکنیت برقرار رہے گی اور انہیں ڈی نوٹیفائی نہیں کیا جائے گا۔واضح رہے کہ حنا بی بی نے الیکشن کمیشن میں درخواست دائر کی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ صدف احسان کا نام جے یو آئی کی ترجیحی فہرست میں شامل نہیں تھا، اس لیے انہیں مخصوص نشست پر منتخب قرار نہیں دیا جا سکتا۔الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد حنا بی بی کے پاس یہ حق موجود ہے کہ وہ اس فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے الیکشن ٹربیونل سے رجوع کرسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 04

اسکینڈل میں برآمد کی گئی، جس میں قومی خزانے کو بے دردی سے لوٹنے والی ایک سنگین سازش کو بے نقاب کردیا اعلیٰ سطحی بدعنوانی کے خلاف ایک تاریخی کارروائی میں قومی احتساب بیورو (نیب خیبر پختونخوا) نے 4.05 ارب روپے کی خطیر رقم برآمد کر لی ہے، جو نیب کی تاریخ میں ایک ہی بار میں ہونے والی سب سے بڑی نقد وصولی ہے۔یہ رقم بدنام زمانہ کوہستان میگا اسکینڈل میں برآمد کی گئی، جس میں قومی خزانے کو بے دردی سے لوٹنے والی ایک سنگین سازش کو بے نقاب کردیا۔اس مقدمے کا ایک حیران کن پہلو یہ ہے کہ مرکزی ملزم قیصر اقبال نے ایک ڈمپر ڈرائیور ممتاز خان کو بطور فرنٹ مین استعمال کیا۔اس نام نہاد بے نامی دار کے ذریعے فرضی کمپنی ''ممتاز کنسٹرکشن کمپنی'' کے بینک اکاؤنٹس کھولے گئے، جن کے ذریعے سرکاری خزانے سے کروڑوں روپے نکال کر ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا گیا۔ناقابل تردید شواہد کے سامنے آنے پر فرنٹ مین ممتاز خان نے پلی بارگین کا راستہ اختیار کرتے ہوئے نقد رقم، جائیدادوں اور گاڑیوں کی صورت میں یہ بھاری رقم قومی خزانے میں جمع کرا دی۔احتساب عدالت نے اس پلی بارگین کی توثیق کردی، جس کے نتیجے میں نہ صرف ریکارڈ ریکوری ممکن ہوئی بلکہ اس وسیع اسکینڈل میں پہلی سزا بھی سامنے آگئی۔یہ محض ایک مالی وصولی نہیں بلکہ ایک تاریخی اعلان ہے۔نیب نے نہ صرف ایک بے مثال رقم واپس حاصل کی بلکہ بے نامی لین دین اور شیل کمپنیوں کے پیچیدہ جال کو بھی توڑ کر رکھ دیا جو بدعنوانی کو چھپانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔پیغام بالکل واضح ہے احتساب کا ہاتھ ہر پردے کے پیچھے تک پہنچ سکتا ہے، اور قومی خزانے کی چابیاں بالآخر ہتھکڑیوں میں بدل سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 05

کارکردگی کو مزید بہتر کرنے اور فریٹ و پسنجر سیکشن کی مزید بہتری کیلئے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔انہوں نے کہا کہ ریلوے آمدن کی نگرانی سی ای او خود کریں۔کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرکے ریونیو کو بڑھایا جائے، بیج اور بریک وینز کی شارٹیج کو پورا کیا جائے۔وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ڈمی کوچز کے نام پر ویگنوں کی اصطلاح کو ختم کیا جائے، اگر کسی کوچ میں میٹریل کی کمی ہے تو اسے فوری پورا کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کارگو کی دوٹرینوں پر بزنس کمیونٹی کا اعتماد خوش آئند ہے، تیاریاں کریں، تیسری کارگو ٹرین بھی جلد چلائی جائے گی۔بزنس کمیونٹی کا اعتماد ہم پر بڑھا ہے، وقت کی پابندی کر کے اس اعتماد پر پورا اتریں، آٹوموبائل کی نقل وحمل کے لیے 50 ویگنوں پر مشتمل ماڈل پلان تیار کیا جائے اور کوچز کے ری فربشڈ ریک کے معیار کا آپریشنل افسران بھی معائنہ کریں۔انہوں نے کہا کہ چیف کمرشل منیجر کو ٹرینوں میں سفر کرکے خامیوں کی نشاندہی کا ٹاسک دے دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام ڈی ایس اپنی ڈویژنز کی نیلامیاں اوپن آکشن کے ذریعے یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 06

بھلائی اور بہتری کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔کمشنر بہاول پور نے اس بات کا اظہار چیئرمین شعبہ سوشل ورک پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا اور ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈاکٹر شہزاد احمد خالد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے کمشنر بہاول پور ہدایت پر گزشتہ برس چولستان جیپ ریلی بہاول پور کے سماجی و معاشی اثرات پر کئے گئے سروے کی رپورٹ پیش کی۔شعبہ سوشل ورک کی جانب سے چولستان جیپ ریلی 2025 میں کیے گئے اس سروے میں مقامی کمیونٹی اور سیاحوں سے کی گئی تحقیق کا جائزہ پیش کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق جیپ ریلی مقامی کمیونٹی کیلئے مختصر عرصہ کے لیے روزگار کے ذرائع پیدا کرکے آمدنی میں وقتی اضافے کا باعث بنتی ہے۔جیپ ریلی سیاحت کے فروغ کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں کا معیار زندگی بلند کرنے میں کردار ادا کرتی ہے۔ جیپ ریلی کے سماجی اور معاشی اثرات کو پائیدار بنانے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں جیپ ریلی کے ماحولیاتی اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔کمشنر بہاول پور نے رپورٹ کو مفید قرار دیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو تکنیکی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ماہ جیپ ریلی کے موقع پر ریسرچ کے موضوعات کو بڑھاتے ہوئے مقامی کمیونٹی خاص طور پر خواتین کی بہبود اور دیگر پہلوں کا بھی جائزہ لیا جائے تاکہ اس سیاحتی ایونٹ کو چولستان کے مکینوں کی بہتری اور ترقی کے لیے زیادہ موثر بنایا جا سکے۔کمشنر بہاول پور نے تحقیقی کام کو سرانجام دینے میں خصوصی تعاون پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور ریسرچ ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ نمبر 07

ہے۔کیبنٹ نے 16 سال کی عمر میں موٹرسائیکل چلانے کی اجازت کی تجویز منظور کر لی ہے، جبکہ نابالغ افراد کے لیے جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔بل کے مطابق 16 سے 18 سال کے موٹرسائیکل سواروں کے لیے ایک باقاعدہ قانونی فریم ورک تشکیل دیا جائے گا۔جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ لائسنسنگ اتھارٹی کے ذریعے جاری کیا جائیگا اور موٹرسائیکل چلانے کے لیے مقررہ شرائط، نگرانی اور قواعد پر عمل لازمی ہوگا، حکومت کا کہنا ہیکہ اس قانون سازی کا مقصد بغیر لائسنس کم عمر ڈرائیونگ کیرڈھتے ہوئیرجحان پر قابو پانا، روڈسیفٹی کو بہتر بنانا اور ٹریفک حادثات میں کمی لانا ہے۔اس سلسلے میں موٹروہیکلز آرڈیننس 1965 میں ترمیم کی تجویز بھی شامل کرلی گئی ہے، قائمہ کمیٹی سے منظوری کیبعد اب یہ بل پنجاب اسمبلی کیا جلاس میں پیش کیاجائیگا، جہاں منظوری کی صورت میں اسے باقاعدہ قانون کی شکل دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 08

پر ایک اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس کے دوران وفاقی وزیر کو بریفنگ دی گئی کہ خیبر پختونخوا میں این ایچ اے کے متعدد اہم منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جن میں کوہاٹ-جھنڈ-پنڈی گھیپ اور اولڈ بنوں روڈ کی شاہراہیں شامل ہیں، یہ منصوبے اب وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح کے لیے تیار ہیں۔وفاقی وزیر کو جاری منصوبوں کی ٹائم لائن کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ انڈس ہائی وے (N-55) کوہاٹ سیکشن اور پشاور ناردرن بائی پاس جون 2026 تک مکمل کر لیے جائیں گے۔اس کے علاوہ، شاہراہ این-140 (چترال-شندور اور شندور-گلگت) کی تعمیر دسمبر 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف دیا گیا ہے۔وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ این-55 کوہاٹ شاہراہ پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور انہوں نے خود جاری کاموں کے معائنے کے لیے جلد خیبر پختونخوا کا دورہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔مالی معاملات میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ایک اہم پالیسی فیصلہ جاری کیا جس کے تحت شاہراہوں کی تعمیر و مرمت (Maintenance) کے لیے کسی بھی قسم کی ادائیگی چیئرمین این ایچ اے کے ذاتی سائٹ وزٹ اور معائنے کے بعد ہی کی جائے گی۔انہوں نے حکام کو خبردار کیا کہ منصوبوں میں کسی بھی غیر ضروری ادائیگی سے گریز کیا جائے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ منصوبوں کی تکمیل میں التواء سے قومی خزانے پر بوجھ بڑھتا ہے اور لاگت میں اضافہ ہوتا ہے، اس لیے معیار اور وقت کی پابندی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔اجلاس کے اختتام پر وفاقی وزیر نے این ایچ اے کو ہدایت کی کہ وہ خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ زیر التواء تمام امور کو فوری طور پر "ٹیک اپ" کرے اور فارن فنڈڈ منصوبوں کے لیے بہتر حکمت عملی مرتب کی جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام ترقیاتی امور کی منظوری این ایچ اے بورڈ کے ممبران سے حاصل کی جائے اور چیئرمین این ایچ اے ان منصوبوں کی فہرست فراہم کریں جنہیں فوری کیش فلو کی ضرورت ہے تاکہ ترقیاتی عمل میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

بقیہ نمبر 09

تک پورے علاقے پر سیکیورٹی کنٹرول رکھے گا جس میں غزہ بھی شامل ہے۔اسرائیلی وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ غزہ کی تعمیر نو سے قبل حماس کو مکمل طور پر غیر مسلح کرنا اور سرنگوں سمیت اس کے عسکری ڈھانچے کا خاتمہ کرنا ضروری ہے۔انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ حماس کے غیر مسلح ہونے تک غزہ پر سیکیورٹی کنٹرول ہماری فوج کا رہے گا۔اسرائیلی وزیراعظم کی یہ پریس کانفرنس اس وقت ہوئی جب غزہ سے آخری مقتول اسرائیلی یرغمالی ران گویلی کی لاش اسرائیل سے واپس لائی گئی۔اس غزہ جنگ بندی معاہدے کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا۔حماس نے اسرائیل کو تمام زندہ یرغمالیوں کو واپس کردیا اور ہلاک ہوجانے والے اسرائیلی یرغمالیوں کی لاشیں بھی واپس کردیں۔جس کے بدلے میں اسرائیل نے سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کو رہا کیا اور درجن سے زائد کی میتیں واپس کی ہیں۔ہے۔ ساتھ ہی یرغمالیوں کے بحران کا پہلا مرحلہ اختتام کو پہنچا۔نیتن یاہو نے دعویٰ کیا کہ فوجی اور سفارتی دباؤ کے امتزاج سے تمام یرغمالیوں کی واپسی ممکن ہوئی۔اسرائیلی وزیراعظم نے مزید بتایا کہ مصر سے ملحق رفح کراسنگ جلد دونوں طرف کے لیے کھولی جائے گی تاہم وہاں سے صرف لوگوں کی آمدورفت ہوگی سامان لانے لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔انہوں نے مزید بتایا کہ روزانہ تقریبا 50 افراد اور ان کے اہل خانہ کو داخلے کی اجازت دی جا سکتی ہے اور تمام افراد کی سخت جانچ پڑتال کی جائے گی۔ کسی کو غزہ چھوڑنے سے نہیں روکیں گے۔اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ خودمختار اور علیحدہ فلسطینی ریاست قائم نہیں ہونے دی جائے گی۔انہوں نے قطر اور ترکی کے کسی بھی فوجی کردار کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ان ممالک کے فوجی غزہ میں تعینات نہیں ہوں گے۔نیتن یاہو کے بقول غزہ کی سول انتظامیہ کے لیے قائم ٹیکنوکریٹ کمیٹی پر بھی اسرائیل کی سخت جانچ پڑتال جاری ہے تاکہ حماس کے عسکری ونگ سے وابستہ افراد شامل نہ ہوں۔امریکی صدر کے حملے کی دھمکی اور اس پر ایرانی ردعمل کے خدشات کے تناظر میں نیتن یاہو نے خبردار کیا کہ اگر ایران نے اسرائیل پر حملہ کیا تو ایسا سخت ردعمل دیں گے جیسا ایران نے کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔اسرائیل میں جاری سیاسی بحران اور اتحادیوں کے اختلافات کے باوجود نیتن یاہو نے کہا کہ موجودہ حالات میں اسرائیل کو نئے انتخابات کی ضرورت نہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ بجٹ اور یہودی مذہبی طلبا کی فوجی سروس سے استثنیٰ کا بل منظور ہو جائے گا۔حماس کے 7 اکتوبر 2023 کے حملے کی ذمہ داری کے سوال پر نیتن یاہو نے کہا کہ اصل حقائق سامنے آنے کے بعد ہی ذمہ داریوں کا تعین ہونا چاہیے۔انہوں نے ایک ایسے تحقیقاتی کمیشن کی بات کی جسے حکومت اور اپوزیشن مل کر تشکیل دیں، تاہم اپوزیشن ایک خودمختار ریاستی کمیشن کا مطالبہ کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 10

5 فروری کے بعد پنجاب حکومت کے پاس تمام شہریوں کا مکمل ڈیٹا دستیاب ہوگا، جن افراد کی ماہانہ آمدن 45 ہزار روپے سے کم ہے انہیں فہرست میں شامل کیا گیا ہے، اس مقصد کے لیے مردم شماری کی طرز پر گھر گھر سروے کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال 30 لاکھ خاندانوں کو رمضان نگہبان پیکج دیا گیا تھا جبکہ اس سال یہ تعداد بڑھادی گئی ہے، ستھرا پنجاب کے ورکرز کو بھی رمضان نگہبان کارڈ فراہم کیا جائے گا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ رواں سال رمضان المبارک میں نگہبان دسترخوان، مریم کے مہمان پروگرام بھی شروع کیا جا رہا ہے جس کے تحت پنجاب کی ہر تحصیل میں دسترخوان لگائے جائیں گے اور کم از کم 2 ہزار افراد کو معیاری افطاری فراہم کی جائے گی۔عظمیٰ بخاری کے مطابق سہولت بازاروں میں اشیائے خورونوش مارکیٹ سے 10 سے 15 روپے کم قیمت پر دستیاب ہیں، پنجاب کے 30 اضلاع میں 65 سہولت بازار فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال یہ گزشتہ سال سے بہتر ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے تمام اقدامات عوامی مفاد کے لیے ہیں، پارٹی سیاست کے لیے نہیں، تحصیل کی سطح پر 1500 مزید الیکٹرک بسوں کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ رمضان المبارک میں منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں اور کسی کو ناجائز منافع خوری کی اجازت نہیں دی جائے گی، لیبر کلاس کے راشن کارڈ میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔انہوں نے گلبرگ پلازہ میں آتشزدگی کے واقعے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے صرف 5 منٹ میں ریسپانس دیا، بروقت کارروائی نہ ہوتی تو بڑا سانحہ پیش آ سکتا تھا تاہم حکومتی اقدامات سے قیمتی جانوں اور املاک کو محفوظ بنایا گیا۔

بقیہ نمبر 11

زرعی برآمدات اور تجارتی مسابقت میں اضافے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں منڈیوں تک رسائی کو بڑھانے، تجارت میں سہولت اور اہم بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ، بیرون ملک اہم مشنز میں تعینات پاکستان کے سفیروں اور متعلقہ وزارتوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12

مسابقت پر مبنی ترقی و نمو کیلئے اقدامات کر رہی ہے، ٹیکس سمیت کئی شعبوں میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے پروگرام پر عملدرآمد ہورہا ہے۔انہوں نے یہ بات بدھ کو یہاں جرمنی کی پاکستان میں سفیر انالیبل سے ملاقات میں کہی ،ملاقات میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان معاشی تعلقات کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیا گیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور ترقی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا گیا۔فریقین نے معاشی روابط کو مزید گہرا کرنے اور طویل المدتی ترقی کے لیے معاون مستحکم، شفاف اور قابل پیش گوئی کاروباری ماحول کے فروغ کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔وزیر خزانہ نے حکومت کے مجموعی معاشی وژن اور اصلاحات سے متعلق ترجیحات سے آگاہ کرتے ہوئے کلی معیشت کے استحکام، مالی پائیداری اور مسابقت پر مبنی ترقی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے معاشی بحالی کی حمایت، برآمدی صلاحیت میں اضافے اور بیرونی جھٹکوں کے مقابلے میں معیشت کی مضبوطی کے لیے جاری اقدامات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جامع اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کی رفتار برقرار رکھنے پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں حکومت کے محصولات اور ٹیکس اصلاحات کے ایجنڈے پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی جس میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے، ٹیکس تعمیل بہتر بنانے اور ٹیکنالوجی و ڈیٹا پر مبنی نظام کے ذریعے کارکردگی میں اضافہ پرزوردیا گیا۔وزیر خزانہ نے واضح کیا کہ یہ اصلاحات شفافیت اور انصاف کو فروغ دینے، معاشی بگاڑ کو کم کرنے اور تمام معاشی فریقین کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے وضع کی گئی ہیں، ساتھ ہی سرمایہ کاری اور دستاویزی معیشت کی حوصلہ افزائی بھی ان کا اہم مقصد ہے۔ جرمن سفیر نے جاری اصلاحاتی اقدامات کا خیرمقدم کیا اور کاروباری برادری سے ہونے والی ملاقاتوں کی روشنی میں عمومی مشاہدات کا تبادلہ کیا جس میں پالیسیوں کی وضاحت، تسلسل اور شراکت داروں وسرکاری اداروں کے درمیان موثر مکالمے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پالیسی اہداف کی بہتر تفہیم اور موثر عملدرآمد، معاشی ترقی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے مسلسل رابطہ نہایت ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے ٹیکس انتظامیہ کو مضبوط بنانے، خدمات کی فراہمی بہتر کرنے اور شفافیت میں اضافے کے لیے جاری انتظامی و ادارہ جاتی اقدامات پر بھی روشنی ڈالی۔گفتگو میں ٹیکس تعمیل میں آسانی اور کاروباری سرگرمیوں میں سہولیات فراہم کرنے کیلئے قابل پیش گوئی طریقہ کار، امور کے بروقت حل اور نظاموں کی مسلسل جدید کاری کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ ملاقات میں علاقائی اور عالمی معاشی ماحول پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جس میں عالمی غیریقینی صورتحال سے جنم لینے والے مشترکہ چیلنجز اور مواقع کو تسلیم کیا گیا۔فریقین نے ان حالات میں تعاون، پالیسی میں تسلسل اور باہمی فہم وادراک کی اہمیت پر زور دیا تاکہ پائیدار معاشی نتائج حاصل کیے جا سکیں۔فریقین نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان مضبوط اور دیرینہ شراکت داری کا اعادہ کیا اور معاشی اصلاحات، سرمایہ کاری کے فروغ اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے لیے قریبی رابطہ کاری اور تعمیری مکالمے کو برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 13

اپوزیشن اتحاد اور پی ٹی آئی رہنماؤں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ پریس کانفرنس میں بیرسٹر گوہر، راجہ ناصر عباس اور سلمان اکرم راجا موجود تھے۔چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان سے ہماری آخری ملاقات 20 دسمبر کو ہوئی تھی، آج تک ہمیں ملاقات کرنے کے لئے نہیں کہا گیا، ہم نے پٹیشن بھی دائر کی لیکن ملاقات کی اجازت نہ مل سکی، ایک نیوز پیپر میں رپورٹ ہوا کہ عمران خان کو اسپتال لایا گیا اور پھر جیل واپس لایا گیا، اس بات سے پارٹی اور فیملی میں شدید تشویش پائی جارہی ہے کیوں کہ آج تک یہ نہیں بتایا جارہا کہ کس بیماری کی وجہ سے لایا گیا؟ اس عمل کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ آپ لوگ اپنی پاور کے لیے آئین میں تبدیلی کر رہے ہیں، اس سے آپ لوگوں کی عوام کی نظر میں عزت گھٹ رہی ہے، 8 فروری تک ملاقات نہ روکیں، ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ آج نہیں تو کل ملاقات کروائی جائے۔سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ یہ خبریں چل رہی ہیں کہ عمران خان کو اسپتال لایا گیا اور پارٹی کو نہیں پتا ساتھ ہی ان کی فیملی کو بھی نہیں پتا، یہ لوگ دن بدن عوام کی نظروں میں گر رہے ہیں، اس سب کا انہیں جواب دینا پڑے گا، ایسا نہیں ہوگا کہ آپ ظلم کریں اور جواب نہ دینا پڑے، 8 فروری کو عوام نے آپ کو بری طرح ٹھکرایا تھا، عوام نے ہر رکاوٹ کو گرا دیا، عمران خان اگر آج باہر ہوتے ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بورڈ ہی نہ بنتا، جب غزہ کی عوام چیخ رہی تھی تب آپ ان کی مدد کے لیے نہیں گئے۔ان کا کہنا تھا کہ آپ سمجھتے تھے کہ نشان چھین لیں گے اور کارنر میٹنگ نہیں کرنے دیں گے، عوام نے جو آپ کے ساتھ کیا وہ آپ نے دیکھا؟ سیاسی بحران 8 فروری کے الیکشن سے پیدا ہوا، بے روزگاری بڑھی ہے، کسانوں کا نقصان ہوا ہے، اسی لئے ہم نے 8 فروری کو یوم سیاہ کا اعلان کیا ہے۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقاتیں نہیں ہو رہی، یہ کسی طرح بھی قابل قبول نہیں ہے، ان کے ذاتی معالج کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے، ہم نے پٹیشن دائر کی ہے ملاقاتوں کے لیے، آج ہمیں پتا چلا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پٹیشن کو سائیڈ پر کردیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ عمران خان کو ذاتی معالج اور فیملی ممبرز کو ان سے ملنے دیا جائے، یہ ایک ایسا عمل ہے جو ظلم پر مبنی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کس ملک میں ہوسکتا ہے کہ سیاست کو بھی دفن کر دیا جائے، ہم نے کوئی ایسا کام نہیں کرنا جو آئین اور قانون کے خلاف ہو، ہم یہی کہہ رہے ہیں کہ اپنی بے زاری کا اظہار کریں۔

بقیہ نمبر 14

فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے علاج معالجہ، مریضوں کی دیکھ بھال اور جدید آلات کے استعمال بارے بریفنگ لی۔کمشنر مسرت جبیں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے عوام کو ان کی دہلیز پر آنکھوں کے علاج کی معیاری سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال جنوبی پنجاب کے عوام کے لیے آنکھوں کے علاج کا ایک بڑا مرکز بن چکا ہے، جہاں جدید اور معیاری علاج کی سہولت میسر آ رہی ہے۔اس موقع پر پرنسپل قائداعظم میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ فرخ نے بریفنگ میں بتایا کہ گزشتہ سال کے دوران آئی او پی ڈی میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 27 ہزار 669 مریضوں کا معائنہ کیا گیا جبکہ 5 ہزار 471 سرجریز کی گئیں۔علاوہ ازیں 250 مفت آئی اسکریننگ کیمپس کے ذریعے کمیونٹی اسکریننگ کے تحت 28 ہزار 125 افراد اور دیہی مراکز صحت پر مجموعی طور پر 32 ہزار سے زائد اسکریننگز اور کیمونٹی مراکز میں 3 ہزار سے زائد عینکیں مفت فراہم کی گئیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر فریڈ ہولوز فاؤنڈیشن مس جوآنا بیکر، کنٹری ہیڈ فریڈ ہولوز فاؤنڈیشن ڈاکٹر فاروق اعوان، کیمونٹی ڈائریکٹر کالج آف آپتھلمولوجی لاہور ڈاکٹر اقبال جاوید سمیت دیگر متعلقہ افسران و ماہرین بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 15

ٹریڈ سینٹر میں محکمہ ریسکیو ایمرجنسی 1122 کے زیر اہتمام فائر سیفٹی ڈرل اور موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا۔اس مشق کا بنیادی مقصد کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال، خصوصاً آتشزدگی کے واقعات سے نمٹنے کے لیے متعلقہ اداروں، انتظامیہ اور عملے کی ایمرجنسی ریسپانس صلاحیتوں کا عملی طور پر جائزہ لینا تھا۔ فائر سیفٹی موک ایکسرسائز کے دوران آگ لگنے کی فرضی صورتحال پیدا کی گئی، جس کے فوری بعد ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیموں، ٹریڈ سینٹر انتظامیہ اور عملے نے بروقت اور منظم ردعمل کا مظاہرہ کیا۔مشق کے دوران فائر الارم سسٹم کو فعال کیا گیا جبکہ ایمرجنسی ایگزٹس، فائر فائٹنگ آلات اور انخلاء کے طے شدہ طریقہ کار کو عملی طور پر چیک کیا گیا۔ڈرل کے دوران ٹریڈ سینٹر کے اسٹاف اور دکانداروں کو ایمرجنسی انخلاء (Evacuation) کے محفوظ طریقوں سے آگاہ کیا گیا اور انہیں تربیت فراہم کی گئی کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں اپنی اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو کس طرح یقینی بنایا جا سکتا ہے۔شرکاء نے مقررہ وقت کے اندر عمارت کو خالی کرنے کی مشق مکمل کی، جسے انتظامیہ کی جانب سے تسلی بخش قرار دیا گیا۔انتظامیہ کے مطابق اس فائر سیفٹی ڈرل کا مقصد بہاولپور ٹریڈ سینٹر میں فائر سیفٹی قوانین پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنانا اور ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری کو مزید موثر بنانا ہے۔اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے ہدایت کی کہ ضلع بھر کی تمام کمرشل عمارات میں فائر سیفٹی اقدامات پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ مستقبل میں بھی اس نوعیت کی فائر سیفٹی مشقیں باقاعدگی سے منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ ایمرجنسی مینجمنٹ کے نظام کو مزید بہتر، موثر اور فعال بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 16

ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔عدالت نے عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دیا۔سینئر سول جج عباس شاہ نے سہیل آفریدی کے خلاف درج مقدمہ کی سماعت کی۔

بقیہ نمبر 17

شہزاد انجم، وحید احمد، احمد حجازی، ایوب اختر، ظفر حیات ظفر، جی ایم عدیل، عامر حیات عامر۔رمضان رفیق اور صدر بزم منیر انور نے اپنا اپنا کلام سنایا، عوامی گلوکار سجاد گلانی نے منیر انور اور رمضان رفیق چوہدری کی غزلیں گا کر سماں باندھ دیا لیاقت پور کے نئے ابھرتے ہوئے سنگر عمران خان نے بھی خوبصورت گیت۔اور غزلیں سنائی۔حلقہ ادب کے پریس سیکرٹری رانا افضل نزیر اور میاں طارق رشید سحر نے اپنا پسندیدہ کلام پیش کیا۔مہمان اعزاز۔ایوب اختر نے کہا حلقہ ادب کے دوستوں کا بہت شکریہ جنہوں نے انہیں اس قابل سمجھا کہ مہمان اعزاز بنایا اور پذیرائی بخشی اور سید جواد حیدر نقوی ایوارڈ حاصل کرنے پر دلی طور پر مبارکباد پیش کی۔ حلقہ ادب لیاقت پور نے ادب کے حوالے سے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔مسلسل 73 ویں نشست پر حلقہ ادب کے صدر و تمام اراکین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں#

بقیہ نمبر 18

شاہد فہیم اور اعلیٰ افسران کے خلاف نیب کو شکایات موصول ہوئی تھیں۔ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں 5.5 ارب روپے کے مبینہ جعلی ٹینڈرز کا انکشاف ہوا۔نیب کے مطابق ٹینڈرز ایس پی پی آر اے ویب سائٹ پر شائع کیے بغیر جاری کیے گئے۔ اربوں روپے پسندیدہ ٹھیکیداروں کو مبینہ طور پر جاری کیے گئے۔ریکارڈ کے مطابق اخبار میں این آئی ٹی شائع ہونے کا دعویٰ کیا گیا مگر حقیقت میں اشتہار موجود نہیں تھا، 5 ارب سے زائد کا ٹینڈر مبینہ طور پر جعلی اخبار میں شائع کیے جانے کا الزام ہے۔نیب دستاویزات کے مطابق 60 دن میں 1.25 ارب روپے سے زائد بغیر تصدیق جاری ہوئے۔نیب نے اسمبلی سندھ کے ذریعے 60 دن میں رپورٹ طلب کرلی۔نیب سے تعاون نہ کرنے کی صورت میں نیب قانون کے مطابق کارروائی آگے بڑھے گی۔

بقیہ نمبر 19

کریڈٹ کرنے کا مسئلہ حل کر دیا۔ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر پاور ڈویژن نے پی پی ایم سی کی ہدایات کے تحت نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے کا نوٹس لینے کے بعد وفاقی وزیر کے احکامات پر پی پی ایم سی کی جاری شدہ ہدایات پر فوری نظر ثانی شدہ ہدایات کے بعد یونٹس کریڈٹ کرنے کا مسئلہ حل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ نیٹ میٹرنگ صارفین نے اپنے لائسنس (CapacityDG) کے تحت منظور شدہ صلاحیت سے زیادہ نیٹ میٹرنگ سسٹم نصب کئے ہیں، گزشتہ ماہ ان میں سے چند صارفین کو گرڈ کو فروخت کی گئی پوری بجلی کا کوئی کریڈٹ نہیں دیا گیا تاہم پاور ڈویژن نے وضاحت جاری کردی ہے کہ یہ طریقہ درست نہیں تھا۔نظر ثانی شدہ ہدایات کے تحت صرف وہی یونٹس کریڈٹ نہیں ہوں گے جو منظور شدہ صلاحیت سے زائد ہوں، اب منظور شدہ صلاحیت کے مطابق جو یونٹس نیشنل گرڈ کو بھیجے گئے ہیں ان کا کریڈٹ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ اس بارے تمام ڈسکوز کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں جن صارفین کے بلوں میں نیٹ میٹرنگ کے یونٹس کریڈٹ نہیں ہوئے ان کے لئے متعلقہ ایڈجسٹمنٹ اگلے بلنگ سائیکل میں کردی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے بجلی صارفین کو ان کے جائز حقوق دلانے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 20

دورہ؟ پاکستان کا شیڈول فائنل ہوگیا ہے۔سفارتی ذرائع کے مطابق قازقستان کے صدر قاسم جومارت توقایف 3 اور 4 فروری کو پاکستان کا دورہ کریں گے، اس دوران پاکستان اور قازقستان کے درمیان ریلوے تعاون سے متعلق مفاہمتی یادداشت پر دستخط متوقع ہیں۔سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ ازبکستان کے صدر شوکت مرزایوف 5 اور 6 فروری کو پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔سفارتی ذرائع کے مطابق ازبک صدر کے دورے کے ایجنڈے اور ملاقاتوں کا شیڈول بھی فائنل کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 21

اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی ایک اہم کاوش ہے۔بدھ کو فورم سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور چین آہنی دوستی کے مضبوط اور آزمودہ رشتے میں بندھے ہوئے ہیں جو باہمی اعتماد، تعاون اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے ذریعے مسلسل فروغ پا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ شراکت داری معدنیات اور دیگر ترجیحی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔قیصر احمد شیخ نے کہا کہ میں نے ذاتی طور پر چین کی غیر معمولی ترقی کا مشاہدہ کیا ہے جس سے پاکستان بہت کچھ سیکھ سکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ معدنیات سمیت دیگر اہم شعبوں میں قریبی تعاون پائیدار معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔وفاقی وزیر نے پاکستان اور چین کے درمیان عوامی سطح اور کاروباری روابط کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔اس حوالے سے انہوں نے بتایا کہ ستمبر 2025 میں 300 سے زائد پاکستانی کمپنیوں نے چین کا دورہ کیا جبکہ پاک۔چین بزنس ٹو بزنس کانفرنس کے دوران 167 مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ تمام دستخط شدہ مفاہمتی یادداشتوں پر فعال طور پر عملدرآمد کر رہا ہے تاکہ ان معاہدوں کو عملی سرمایہ کاری میں تبدیل کیا جاسکے۔پاکستان کی معدنی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے جہاں تانبہ، سونا، کوئلہ، نایاب معدنیات اور دیگر اہم وسائل موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معدنیات کی تلاش، ویلیو ایڈیشن اور اس شعبے سے زیادہ سے زیادہ معاشی فائدہ حاصل کرنے کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے۔قیصر احمد شیخ نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ سرمایہ کاروں کو بھرپور سہولت فراہم کر رہا ہے، جس میں ایز آف ڈوئنگ بزنس میں بہتری، خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) کے ذریعے مراعات اور ریگولیٹری اصلاحات شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ اصلاحات غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے مزید سازگار ماحول فراہم کریں گی۔اس فورم میں پاکستان میں چین کے سفیر، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال، وفاقی وزیر علی پرویز، اعلیٰ سرکاری افسران، چینی اور پاکستانی کمپنیوں کے نمائندگان، سرمایہ کاروں اور معدنی وصنعتی شعبے سے تعلق رکھنے والے اہم سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور سہولت کاری کے لئے مکمل طور پر پرعزم ہے بالخصوص چین کے ساتھ سرمایہ کاری کو مزید مضبوط بنا کر طویل المدتی معاشی ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے اہداف حاصل کئے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 22

جبکہ بعض مقامات پر اس سے بھی زیادہ رقم زبردستی کاٹی جارہی ہے۔ڈیوائس ہولڈرز کا مقف ہے کہ وہ اوپر بھی رقم ادا کرتے ہیں، اسی لیے یہ کٹوتی مجبوری ہے، جو کہ ایک سنگین الزام اور کھلی بدعنوانی کی نشاندہی کرتا ہے۔متاثرہ مستحقین کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں، ایسے میں امدادی رقم سے کٹوتی ان کے ساتھ دوہرا ظلم ہے۔کئی خواتین نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ اگر کٹوتی پر اعتراض کیا جائے تو رقم روک لینے یا آئندہ ادائیگی میں مشکلات پیدا کرنے کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔حیران کن امر یہ ہے کہ ان مبینہ شکایات کے باوجود متعلقہ ادارے، ضلعی انتظامیہ اور نگرانی کے ذمہ دار افسران کی جانب سے تاحال کوئی مؤثر کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی، جس سے شکوک و شبہات جنم لے رہے ہیں۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی صورتحال رہی تو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام جیسے فلاحی منصوبے کا اصل مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔سماجی و عوامی حلقوں نے وزیراعظم پاکستان، چیئرمین بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نیب سمیت دیگر ذمہ دار اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لے کر شفاف انکوائری کرائی جائے، ملوث ڈیوائس ہولڈرز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور مستحقین کو ان کی پوری رقم بلا کٹوتی فراہم کی جائے۔عوام کا کہنا ہے کہ اگر اب بھی خاموشی اختیار کی گئی تو یہ ظلم ایک منظم نظام کی شکل اختیار کر جائے گا، جس کا خمیازہ ہمیشہ کی طرح غریب عوام کو ہی بھگتنا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 23

میں شرکت کی، جہاں شہریوں کے مسائل سنے گئے اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کیے گئے۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر بروقت حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے براہ راست رابطہ ایک خوش آئند قدم ہے۔

بقیہ نمبر 24

موثر تفتیش کی بنیاد پر مجرم کو سزا دیتی ہیں تو قانون کی بالادستی قائم ہوتی ہے، جبکہ میرٹ سے ہٹ کر کی گئی تفتیش انصاف کے نظام کو نقصان پہنچاتی ہے۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ تمام افسران شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے حلف کی پاسداری کریں، اختیارات کا ناجائز استعمال، بدنیتی اور لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وہ ضلع میں ہونے والی ہر اہم تفتیش کی خود نگرانی کریں گے۔اگر کسی مقدمے کا مدعی یا ملزم سمجھے کہ تفتیش میرٹ سے ہٹ رہی ہے تو وہ براہ راست ان سے رابطہ کرسکتا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ تبدیلی تفتیش کا حق دونوں فریقوں کو حاصل ہے، تاہم ہر تبدیلی میرٹ پر کی جائے گی، اور یہ دیکھا جائے گا کہ کون سی تفتیش حقائق اور شواہد کے مطابق ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ میرٹ کے خلاف کام کرنے والے افسران کے لئے محکمہ پولیس میں کوئی گنجائش نہیں، ایسے عناصر کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 25

نہیں ہے نہ ہی اراکین پارلیمنٹ کو فری حج کرانے کی کوئی تجویز زیرغور ہے۔وہ بدھ کو پی ٹی وی ہیڈکوارٹرز میں سیکرٹری وزارت مذہبی امور ڈاکٹر ساجد محمود چوہان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے سال 2025ء کی کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ وزارت نے حج وعمرہ کے شعبے میں ریکارڈ ساز اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔انہوں نے انکشاف کیا کہ حج 2025 کے بہترین انتظامات پر سعودی حکومت نے پاکستان کو ''ایکسیلنس ایوارڈ'' سے نوازا ہے جو کہ قومی سطح پر ایک بڑا اعزاز ہے۔حجاج کی سہولت کے لیے حج 2025 کے دوران مجموعی طور پر 3.5 ارب روپے ری فنڈ کیے گئے جس سے فی حاجی 12 ہزار سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے تک کی بچت ہوئی۔وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ حج 2026 کے لیے 1 لاکھ 79 ہزار عازمین کی رجسٹریشن مکمل ہوچکی ہے جبکہ 'پاک حج ایپ' اور 'روڈ ٹو مکہ' منصوبے کی کراچی تک توسیع سے عازمین کی مشکلات میں واضح کمی آئی ہے۔ عمرہ اور زیارات کے لیے بھی نئے ضوابط تیار کرلیے گئے ہیں تاکہ زائرین کو نجی آپریٹرز کے ہاتھوں استحصال سے بچایا جاسکے اور پورے نظام کو ڈیجیٹل بنایا جاسکے۔تعلیمی اور تحقیقی میدان میں وزارت کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بین الاقوامی قرات مقابلہ منعقد کیا گیا جس میں 37 ممالک کے قراء نے شرکت کی۔اس کے ساتھ ساتھ 50 ویں عالمی سیرت کانفرنس کا کامیاب انعقاد کیا گیا جس میں او آئی سی کے تحت بین الاقوامی وفود شریک ہوئے۔وزارت نے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے گزشتہ 50 سال کے سیرت مقالہ جات کو ڈیجیٹلائز کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے اور علمی مقابلوں میں شفافیت برقرار رکھنے کے لیے مصنوعی ذہانت اور سرقہ کی جانچ کا نظام متعارف کرایا ہے۔قرآن کریم کی اغلاط سے پاک طباعت اور شہید اوراق کی تقدس کے ساتھ تلفی کے لیے ری سائیکلنگ پلانٹ کی تنصیب بھی آخری مراحل میں ہے۔بین المذاہب ہم آہنگی اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے سردار محمد یوسف نے بتایا کہ وفاقی کابینہ نے پہلی مرتبہ باقاعدہ بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی منظور کی ہے۔پارلیمنٹ سے 'قومی کمیشن برائے اقلیت ایکٹ' کی منظوری کے ذریعے اس ادارے کو مکمل قانونی وانتظامی خود مختاری دے دی گئی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ غیر مسلم مستحق افراد اور طلبہ کے لیے سکالرشپ اور فلاحی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے جبکہ ہولی، دیوالی اور کرسمس جیسے تہواروں کو سرکاری سطح پر منا کر دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت اور روادار چہرہ پیش کیا گیا ہے۔سوشل میڈیا اور انتہا پسندی کے چیلنجز پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت کا ویب ایویلیوایشن سیل نہایت مستعدی سے کام کر رہا ہے جس نے 74 ہزار سے زائد توہین آمیز اور قابل اعتراض لنکس بلاک کرنے کے لیے پی ٹی اے کو بھجوائے ہیں۔انتظامی محاذ پر وزارت نے 60 فیصد خالی آسامیوں کو ختم کر کے سرکاری اخراجات میں نمایاں کمی کی ہے جس سے قومی خزانے پر بوجھ کم ہوا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کرتارپور راہداری کی سیلاب کے بعد ہنگامی بنیادوں پر بحالی اور اسلام آباد میں یکساں نظام صلوٰۃ کا نفاذ وزارت کی ان ترجیحات کا حصہ ہے جن کا مقصد معاشرے میں نظم و ضبط اور مذہبی رواداری کو فروغ دینا ہے۔ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا کہ پچھلے سال 60 ہزار عازمین پرائیویٹ حج سکیم کے تحت حج پر نہیں جاسکے جس پر وزیراعظم نے مختلف انکوائریاں کرائیں جس کے بعد اس سال پرائیویٹ حج کوٹہ کم کر دیا گیا ہے۔ اس سال بھی پرائیویٹ حج آپریٹرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پچھلے سال والے حاجیوں جنہیں پیسے واپس نہیں دیئے انہیں پہلے شامل کریں۔

بقیہ نمبر 26

ویں قومی مقابلہ کتب سیرت، نعت اور مقالات کے انعقاد کا اعلان کر دیا ہے۔اس سال ان مقابلوں کا بنیادی مقصد نئی نسل کو دور حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیرت طیبہ کی روشنی میں تیار کرنا اور ملک بھر کے اہل قلم کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ وزارت نے مختلف زمروں میں مجموعی طور پر 48 انعامات کا اعلان کیا ہے جن کی کل مالیت 50 لاکھ 55 ہزار روپے ہے۔اس مقابلے میں اردو اور علاقائی زبانوں کے ساتھ ساتھ انگریزی زبان میں تحریر کردہ کتب کو بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ عالمی سطح پر اسلام کے پرامن پیغام کو پہنچایا جا سکے۔ انگریزی زبان میں سیرت طیبہ پر لکھی گئی کتب کے لیے اول انعام 150,000 روپے، دوم 100,000 روپے اور سوم 80,000 روپے مقرر کیا گیا ہے۔وزارت مذہبی امور کے ڈپٹی ڈائریکٹر سیرت محمد خلیق کے مطابق مقابلے پانچ بڑی کیٹیگریز میں منعقد ہوں گے۔مقابلہ کتب سیرت (اردو، انگریزی، عربی وعلاقائی زبانیں) کیٹگری میں اردو زبان کی کتاب کے لیے پہلا انعام 175,000 روپے رکھا گیا ہے۔ بچوں کے لیے لکھی گئی کتب سیرت کے لیے بھی خصوصی انعامات (اول: 125,000 روپے) مقرر ہیں۔شیڈول کے مطابق مقابلہ کتب نعت اردو اور علاقائی زبانوں میں نعت کے مجموعوں پر 75,000 سے 125,000 روپے تک کے انعامات دیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 27

کے لیے کی جانے والی پیش رفت کو سراہا۔بدھ کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان کے مطابق ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں سائنس اور سفارت کاری کا باہمی ربط ایک عالمی ضرورت ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث درپیش معاشی اور سماجی دباؤ کے تناظر میں یہ پاکستان کے لیے خاص طور پر اہمیت رکھتا ہے۔ملاقات کے دوران پاکستان کے مقامی علمی وسائل، تحقیقی صلاحیتوں اور تحقیقاتی ڈھانچے سے موثر استفادے پر زور دیا گیا اور شواہد پر مبنی پالیسی سازی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔اس ضمن میں تربیتی اور فیلوشپ پروگرامز کی تیاری، بشمول سائنسدانوں کو سرکاری وزارتوں میں تعینات کرنے کے امکانات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا تاکہ پالیسی سازی کے عمل کو مضبوط بنایا جا سکے۔فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ایک ہفتے کے اندر اندر مستقبل کے تعاون کے لیے ایک جامع روڈ میپ مشترکہ طور پر تیار کیا جائے گا۔مجوزہ روڈ میپ میں اے جی سی اور تقریباً 100 پی ایچ ڈی سطح کے موسمیاتی ماہرین کو متحرک کرنا، مالی وسائل کی فراہمی اور پائیدار سائنسی مشاورتی نظام کے قیام پر توجہ دی جائے گی۔ ملاقات میں اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ایچ ای سی)، گلوبل چینج امپیکٹ اسٹڈیز سینٹر (جی سی آئی ایس سی)، جامعات، قومی تحقیقی مراکز اور وزارت خارجہ کے نمائندگان سمیت اہم متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 28

ملک سے خام تیل لے کر کراچی پہنچا۔بیڑے میں شمولیت کے بعد پاکستان پہلی آمد ہے، آئل ٹینکر 47 ملین ڈالر میں خریدا گیا۔پی این ایس سی کے بیڑے میں شامل بحری جہازوں کی تعداد 13 ہوگئی۔واضح رہے کہ آئندہ ماہ مزید 2 بحری جہاز پی این ایس سی کے بیڑے میں شامل ہوں گے۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ